Alberta

نیوز رِیلیز

بجٹ 2023ء: البرٹا کے مستقبل کو محفوظ بنانا

28 فروری، 2023ء

آنے والے سال کے لئے حکومت کا نیا بجٹ اخراجات میں البرٹنز کی مدد کرے گا، ملازمتیں پیدا کرے گا، تعلیم اور صحت کی نگہداشت کی خدمات کو بہتر بنائے گا، اور کمیونٹیز کو محفوظ رکھے گا۔

جتنا خرچ ہونے کی توقع حکومت کرتی ہے یہ منصوبہ اس سے زیادہ رقم خرچ نہیں کرے گا۔

"مالی ذمہ داری ضروری ہے۔ یہ ہمارے مضبوط مالیاتی مؤقف کے حصول کی کلید رہی ہے،" حکومتِ البرٹا کے وزیرِ خزانہ ٹریوس ٹُوز (Travis Toews) نے کہا۔

بجٹ خاندانوں کے اخراجات کو کم کرے گا، جس میں 2.3 بلین ڈالر استطاعت کے اقدامات پر خرچ کئے جائیں گے۔ اس میں طلباء کے قرضوں کیلئے کم شرح سود، گود لئے ہوئے بچوں کو پالنے والے خاندانوں کیلئے اعانت، سوشل سروسز کے شعبے میں ورکروں کے لئے اجرتوں میں اضافہ اور خیراتی اداروں کو عطیات کے لئے بڑا ٹیکس کریڈٹ شامل ہیں۔

بجٹ اسکولوں کیلئے مزید رقم مختص کرتا ہے تا کہ 3,000 مزید اسکول اسٹاف کی خدمات حاصل کرکے کلاسوں کے سائز کو چھوٹا کیا جاسکے۔ پوسٹ سیکنڈری تعلیم کیلئے، تین سالوں میں 111ملین ڈالر کا اضافہ جو مزید طلباء کو ٹیکنالوجی اور کاروبار سمیت سب سے زیادہ مانگ والے پروگراموں کا انتخاب کرنے میں مدد دے گا۔

ہزاروں مزید لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر کی جگہوں کے لئے 59 ملین ڈالر اور چائلڈ کیئر آپریٹرز کو نئی گرانٹس کے ساتھ ساتھ والدین کیلئے بچوں کی دیکھ بھال کے اخراجات کے لئے اعانت بھی ہوگی۔

عوام کے تحفظ کو بڑھانے کے لئے مزید رقم فراہم کی جائے گی۔ یہ پولیسنگ اور کمیونٹی سروسز پر خرچ کیا جائے گا تا کہ نشے میں مبتلا لوگوں کی صحت یابی اور ان کی زندگیوں کو بدلنے میں مدد ملے۔

حکومت مالی سال 2023ء - 24ء میں 70.7بلین ڈالر کی آمدنی کی توقع کرتی ہے۔ تیل اور گیس جیسے غیر قابل تجدید وسائل کی فروخت سے آمدنی کا تخمینہ 18.4 بلین ڈالر ہے۔

متعلقہ معلومات

Alberta.ca/Budget

میڈیا انکوائریز

شارلٹ ٹیلن (Charlotte Taillon)
charlotte.taillon@gov.ab.ca
780-932-5381
پریس سیکریٹری، ٹریژری بورڈ اینڈ فنانس

Alberta

نیوز رِیلیز

بجٹ کے منصوبے مالی سال میں 68.3 بلین ڈالر خرچ کریں گے، جو 1 اپریل سے شروع ہو کر اگلے سال 31 مارچ کو ختم ہوں گے۔ مالی سال کے اختتام پر 2.4 بلین ڈالر باقی بچ جائیں گے۔

.